PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کی کلبز رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کروانے کی دعوت

لاہور، 10مارچ 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے آج سے کرکٹ کلبز کی رجسٹریشن کا عمل شروع کردیا ہے۔ تمام کلبز 24مارچ تک www.pcb.com.pk/clubregistration پر آن لائن رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔

فی کلب رجسٹریشن فیس 5ہزارروپے مقرر کی گئی ہے۔یہ رقم فیصل بینک یا مسلم کمرشل بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔اس عمل کو شفاف بنانے کے لیے رقوم کی منتقلی صرف بینک ٹرانسفر کے ذریعے ہی کرنے کی اجازت ہو گی۔

صرف کلبز کے صدور ہی رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں،اس عمل کے لیے انہیں اپنا کارآمد شناختی کارڈ اور ایک ای میل ایڈریس دینا ہو گا۔

درخواست کی تصدیق کے بعد، کلب کے اس صدر کو اس کے ای میل ایڈریس پر ایک اور لنک بھجوایا جائے گا۔اس لنک پر انہیں ممبرشپ کی کٹیگری اور کھلاڑیوں سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔

تمام کلبز کی درخواستوں کی مکمل معلومات مزید تصدیق اور سکروٹنی کے لیے ہارڈ کاپی کی صورت میں متعلقہ کرکٹ ایسوسی ایشن کے فرسٹ بورڈز کو بھجوائی جائے گی۔کلبز کی رجسٹریشن کا یہ عمل پی سی بی کی مقررہ انسپیکشن کمیٹی کی جانب سے سکروٹنی کے بعد مکمل ہو گا۔

جن کلبز نے فضل محمود کلب ٹورنامنٹ برائے 2017-18 یا 2018-19 میں سے کسی بھی ایک میں شرکت کی ہوگی اور وہ اہلیت کے مقررہ معیار پر بھی پورا اترتے ہوں گے تو انہیں ووٹنگ کا حق دیا جائے گا۔

ایسے کلب جنہوں نے ان مندرجہ بالا ایونٹ میں شرکت نہیں کی تو انہیں ووٹنگ رائٹس دوسری سکروٹنی کے بعد ہی ملیں گے۔

کلب کی رکنیت کی تین مختلف اقسام ہیں۔ ایفیلیٹ رکن کو صرف پلیئنگ رائٹس دیئے گئے ہیں جبکہ ایسوسی ایٹ اور فل ممبر کو کھیلنے کے ساتھ ساتھ ووٹ کا اختیار بھی ہوگا۔

کلب رجسٹریشن سے متعلق مزید تفصیلات کے لیے پی سی بی کے ہیلپ لائن نمبر (042-99030128) پر صبح 9 سے شام 5 بجے تک رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

National Team Partners
Domestic Partners
Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial